## سوال

(106)ناخن پالش کا استعمال

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورتوں کا ناخن پالش استعمال کرنے کے سلسلے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ یہ حلال ہے یا حرام؟

---

## الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کا مختصر جواب یہ ہوگا کہ چوں کہ ناخن پالش وضو کے پانی کو جلد تک نہیں پہنچنے دیتا اس لیے اس کے استعمال سے وضو نہیں ہوتا اور جب وضو نہیں ہوتا تو ظاہر ہے نماز بھی نہیں ہوتی ہے۔ اب آپ خود فیصلہ کرلیں کہ اس کا استعمال ان عورتوں کے لیے کیسے جائز ہوسکتا ہے، جو نمازی ہیں۔ رہی بات ان عورتوں کی جو نماز نہیں پڑھتیں، تو ان کے لیے اس سے کیا فرق پڑتا ہے کہ ناخن پالش حرام ہے یا حلال۔ کیوں کہ نماز تو دین کا اہم ترین فریضہ ہے اور کفر وایمان کے درمیان حد فاصل ہے۔ جس نے نماز ہی ترک کردی اس کے بعد بچا ہی کیا؟

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاوی یوسف القرضاوی

## عورت اور خاندانی مسائل، جلد:1، صفحہ:240

### محدث فتویٰ